سلسلۂ اَربعینات

چالیس اَحادیثِ مبارکہ

نُزُولُ الفَرَحَتَین فِي یَومِ العِیدَین

فضائلِ عیدین

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

منہاج القرآن پبلیکیشنز

سلسلۂ اربعینات

چالیس اَحادیثِ مبارکہ

نُزُولُ الفَرحَتَین

في

یَومِ العِیدَین

﴿فضائلِ عیدین﴾

تألیف

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

مِنہاجُ القرآن پبلیکیشنز

365-ایم، ماڈل ٹاؤن، لاہور، فون :3516 8514، 111-140-140 (+92-42)

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون: 37237695 (+92-42)

www.Minhaj.org - www.Minhaj.biz

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاجُ القرآن محفوظ ہیں

نام کتاب	:	نُزُوْلُ الْفَرْحَتَیْنِ فِي یَوْمِ الْعِیْدَیْنِ ﴿فضائلِ عیدین﴾
تالیف	:	شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری
معاونینِ ترجمہ و تخریج	:	محمد علی قادری، محمد حامد الازھری
اِہتمامِ اِشاعت	:	فریدِ ملّتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ Research.com.pk
مطبع	:	منہاجُ القرآن پرنٹرز، لاہور
اِشاعت نمبر ۱	:	جولائی 2012ء
تعداد	:	1,200

نوٹ: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تصانیف اور خطبات و لیکچرز کی کیسٹس اور CDs و DVDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لیے **تحریکِ منہاجُ القرآن** کے لیے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاجُ القرآن پبلی کیشنز)

fmri@research.com.pk

بسم الله الرحمن الرحیم

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ

وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

﴿صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ﴾

حکومتِ پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر ایس او (پی۔۱) ۴-۱-۴ / ۸۰ پی آئی وی، مؤرّخہ ۳۱ جولائی ۱۹۸۴ء؛ حکومتِ بلوچستان کی چٹھی نمبر ۸۷-۴-۲۰ جنرل و ایم ۴ / ۹۷۰-۷۰-۷۳، مؤرّخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۷ء؛ حکومتِ شمال مغربی سرحدی صوبہ کی چٹھی نمبر ۲۴۴۱۱-۶۷ این۔۱ / اے ڈی (لائبریری)، مؤرّخہ ۲۰ اگست ۱۹۸۶ء؛ اور حکومتِ آزاد ریاست جموں و کشمیر کی چٹھی نمبر س ت / اِنتظامیہ ۶۳-۸۰۶۱ / ۹۲، مؤرّخہ ۲ جون ۱۹۹۲ء کے تحت شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہرالقادری کی تصنیف کردہ کتب تمام تعلیمی اِداروں کی لائبریریوں کے لیے منظور شدہ ہیں۔

عیدین

مسلمانوں کے دو بے مثال دینی تہوار

عید عربی زبان کا لفظ ہے، جس کے معنی 'بار بار لوٹ کر آنے والا دن' ہے۔ چونکہ خوشی و مسرت کے یہ مواقع ہر سال آتے ہیں اس لئے انہیں عید کہا جاتا ہے۔ لفظِ عید قرآن مجید میں حضرت عیسیٰ ؑ کی ایک دعا میں استعمال ہوا ہے جب انہوں نے اپنی قوم کے مطالبہ پر بارگاہِ ایزدی میں درخواست کی تھی:

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا. (المائدۃ، ۵: ۱۱۴)

''اے اللہ! اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے خوانِ (نعمت) نازل فرما دے کہ (اس کے اترنے کا دن) ہمارے لیے عید ہوجائے ہمارے اگلوں کے لیے (بھی) اور ہمارے پچھلوں کے لیے (بھی)۔''

اس آیت میں حصولِ نعمت کے دن کو عید سے تعبیر کیا گیا ہے جو خوشی و شادمانی سے عبارت ہے۔ اَقوام و اَدیانِ عالم کے مطالعہ سے ظاہر ہے کہ ہر مذہب و ملت میں چند ایسے تہوار ہوتے ہیں جو لوگوں کو ایسے مواقع مہیا کرتے ہیں جن میں وہ اجتماعی طور پر اظہار مسرت کرسکیں۔ ان تہواروں میں عموماً بعض مذہبی رسومات کے

علاوہ کھیل کود اور تفریحی پروگرام ہوتے ہیں۔ مگر دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ بعض اوقات اظہارِ مسرت میں سماجی روایات اور اَخلاقی حدود کی بھی پروا نہیں کی جاتی اور خوشی و مسرت کے حصول اور فخر و مباہات کے اظہار کے لئے ہر طریقہ روا سمجھا جاتا ہے۔

اَہلِ اِسلام کے لئے دو قومی تہوار مقرر کئے گئے ہیں: عید الفطر اور عید الاضحیٰ۔ عید الفطر شوال کی یکم تاریخ کو آتی ہے اور عید الاضحیٰ ذوالحجہ کی دس تاریخ کو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق رسول اکرم ﷺ جب ہجرت کے وقت مدینہ منورہ تشریف لائے تو اہل مدینہ کے دو سالانہ دن مقرر تھے جن میں وہ کھیل کود کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کیا دن ہیں؟ لوگوں نے کہا: یہ ہمارے جاہلی دور کا رواج ہے، ان دنوں میں ہم خوشی مناتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ’اللہ تعالیٰ نے تمہیں ان دو دنوں کے بدلے دو بہتر دن عطا کئے ہیں۔ یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ۔‘ (سنن ابی داود)

عیدین کے ان تہواروں میں جاہلی دور کی رسوم اور غیر سنجیدہ کھیل کود کی جگہ مہذب خوشی اور سنجیدہ تفریح شامل کر دی گئی۔ اسلام نے اگرچہ ایک حد تک ان دونوں مواقع کو خوشی و شادمانی کے دن قرار دیا لیکن دیگر اقوام کے برعکس دنیاوی جشنِ مسرت کی بجائے مسلمانوں کو یہ دن یومِ تشکر اور تجدیدِ عہد کے طور پر منانے کا تصور دیا۔

عید الفطر کا دن رمضان المبارک کی عظیم نعمت کے عطا ہونے اور رضائے

الٰہی کی خاطر روزے رکھنے کی توفیق میسر آنے پر اظہارِ مسرت اور سجدۂ شکر بجا لانے کے لیے مقرر کیا گیا۔ چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد فرمایا گیا:

وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ○(البقرة، ۲: ۱۸۵)

''اس لیے کہ اس نے تمہیں جو ہدایت فرمائی ہے اس پر اس کی بڑائی بیان کرو اور اس لیے کہ تم شکر گزار بن جاؤ''

اس آیت میں فرمایا گیا ہے کہ رب العزت نے تمہیں اپنی اطاعت کی راہ پر گامزن ہونے کی جو توفیق بخشی ہے اس پر اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کرو۔ گویا شکریہ کے طور پر اس کی کبریائی بیان کرنا اور اظہارِ عبودیت کرنا اس دن کی حکمت اور بنیاد قرار دیا۔

عید الاضحیٰ کا معنیٰ قربانی کی عید ہے اس دن مسلمان اپنے رب کی خوشنودی کے لئے جانور ذبح کرتے ہیں۔ یہ دن دراصل سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی عظیم قربانی کے واقعہ کی یادگار کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن جانوروں کی قربانی کا حکم اس لیے دیا گیا تاکہ لوگوں میں ایثار و قربانی کی روح زندہ رہے۔ جانور کی قربانی کے وقت زبان سے دہرائے جانے والے یہ الفاظ بھی اس کی روح کے ترجمان ہیں:

اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ○

(الأنعام، ٦:١٦٢)

’’بے شک میری نماز اور میرا حج اور قربانی (سمیت سب بندگی) اور میری زندگی اور میری موت اللہ کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے٥‘‘

عید الاضحیٰ کی صبح دوگانہ ادا کرنا اور جانور ذبح کرنا دونوں عمل دراصل اسی حقیقت کے مظہر ہیں۔ نماز اور قربانی دونوں خودسپردگی کا عہد ہیں، اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر اپنے مفادات، مصلحتوں اور نفسانی خواہشات کو قربان کردینے کا عزم ہیں۔

عیدین کی دوگانہ نماز جہاں اللہ ﷻ کی نعمت کا شکرانہ اور تجدید عہد وفا ہے وہاں ہزاروں لاکھوں مسلمانوں کا اکھٹے معبود حقیقی کے سامنے سجدہ ریز ہونا اور نماز کی ادائیگی کے بعد باہم گلے ملنا اور ایک دوسرے کو مبارک باد دینا مسلمانوں کی یک جہتی، باہمی محبت اور شوکتِ اسلام کا بے مثال عملی مظاہرہ ہے۔

عیدین عطائے ربانی اور فضل یزدانی کے دن ہیں۔ لیکن اللہ ﷻ کی رضا اور لطف و کرم سے وہی سرفراز ہوتا ہے جو ان ایام کو مناتے ہوئے اُسوۂ رسول ﷺ اور تعلیماتِ نبوی کو پیش نظر رکھتا ہے۔ متعدد احادیث مبارکہ میں عیدین کی فضیلت اور ان کے مسائل کا بیان ہوا ہے۔ عیدین کی نماز کا طریقہ اور وقت بیان کیا گیا ہے۔ صدقہ فطر اور قربانی کے فضائل و مسائل بیان ہوئے ہیں۔ نیز یہ بھی بتایا گیا ہے کہ خوشی کے ان لمحات میں غریبوں، یتیموں اور مسکینوں کو کیسے شامل کیا جائے۔ ان تمام امور سے ہر مسلمان کا واقف ہونا ضروری ہے۔ یہ مسائل اگر چہ صحاح ستہ اور احادیث کی دیگر کتب میں موجود ہیں مگر اس وسیع ذخیرہ احادیث تک رسائی ہر ایک

کے بس کی بات نہیں۔ اللہ ﷻ جزائے خیر عطا فرمائے شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہ العالی کو جنہوں نے ان احادیث تک رسائی اور ان سے استفادہ کی راہ آسان کردی۔

زیرِ نظر کتاب حضرت شیخ الاسلام مدظلہ العالی کی کتاب 'جامع السنة' کے ایک باب کی منتخب احادیث پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب عیدین کے موضوع پر ایک شاندار اربعین ہے جس کی ترتیب و تخریج اور ترجمہ میں معاونت کی سعادت فریدِ ملت ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے فاضل محققین محمد علی قادری اور محمد حامد الازہری کے حصہ میں آئی ہے۔ اللہ ﷻ جناب شیخ الاسلام اور ان کے معاونین کی خدمتِ حدیث کے سلسلہ میں کی گئی اس کوشش کو سعی مشکور بنائے اور تمام اہلِ اسلام کو اس کتاب سے کما حقہ، مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمين بجاه سيد المرسلين عليه الصلوٰة والتسليم.

(پروفیسر محمد نصر اللہ معینی)

ڈائریکٹر، فریدِ ملتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ

یکم جولائی ۲۰۱۲ء

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلْآيَاتُ الْقُرْآنِيَّةُ

١. قَالَ عِيۡسَى ابۡنُ مَرۡيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنۡزِلۡ عَلَيۡنَا مَآئِدَةً مِّنَ
السَّمَآءِ تَكُوۡنُ لَنَا عِيۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنۡكَ ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ
خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ۝ (المائدة، ٥: ١١٤)

عیسٰی ابن مریم (علیہما السلام) نے عرض کیا: اے اللہ! اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے خوانِ (نعمت) نازل فرما دے کہ (اس کے اترنے کا دن) ہمارے لیے عید ہو جائے ہمارے اگلوں کے لیے (بھی) اور ہمارے پچھلوں کے لیے (بھی) اور (وہ خوان) تیری طرف سے نشانی ہو اور ہمیں رزق عطا کر! اور تو سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۝

٢. فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ۝ (الکوثر، ١٠٨: ٢)

پس آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھا کریں اور قربانی دیا کریں (یہ ہدیۂ تشکر ہے)۝

٣. لَكُمۡ فِيۡهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الۡبَيۡتِ

الْعَتِيْقِo وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ م بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ط فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ط وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَo (الحج، ۲۲: ۳۳-۳۴)

تمہارے لیے ان (قربانی کے جانوروں) میں مقررہ مدت تک فوائد ہیں پھر انہیں قدیم گھر (خانہ کعبہ) کی طرف (ذبح کے لیے) پہنچنا ہےo اور ہم نے ہر امت کے لیے ایک قربانی مقرر کر دی ہے تاکہ وہ ان مویشی چوپایوں پر جو اللہ نے انہیں عنایت فرمائے ہیں (ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیں، سو تمہارا معبود ایک (ہی) معبود ہے پس تم اسی کے فرمانبردار بن جاؤ، اور (اے حبیب!) عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیںo

٤. وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ج فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ط كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَo لَنْ يَّنَالَ اللهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ط كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللهَ عَلٰى مَا هَدٰكُمْ ط وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَo (الحج، ۲۲: ۳٦-۳۷)

اور قربانی کے بڑے جانوروں (یعنی اونٹ اور گائے وغیرہ) کو ہم نے تمہارے لیے اللہ کی نشانیوں میں سے بنا دیا ہے ان میں تمہارے لیے بھلائی ہے پس تم (انہیں) قطار میں کھڑا کرکے (نیزہ مار کر نحر کے وقت) ان پر اللہ کا نام لو، پھر جب وہ اپنے پہلو کے بل گر جائیں تو تم خود (بھی) اس میں سے کھاؤ اور قناعت سے بیٹھے رہنے والوں کو اور سوال کرنے والے (محتاجوں) کو (بھی) کھلاؤ۔ اس طرح ہم نے انہیں تمہارے تابع کر دیا ہے تاکہ تم شکر بجا لاؤo ہرگز نہ (تو) اللہ کو ان (قربانیوں) کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ ان کا خون مگر اسے تمہاری طرف سے تقویٰ پہنچتا ہے، اس طرح (اللہ نے) انہیں تمہارے تابع کر دیا ہے تاکہ تم (وقتِ ذبح) اللہ کی تکبیر کہو جیسے اس نے تمہیں ہدایت فرمائی ہے، اور آپ نیکی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیںo

اَلْأَحَادِيْثُ النَّبَوِيَّةُ

١. عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: دَخَلَ أَبُو بَكْرٍ وَعِنْدِي جَارِيَتَانِ مِنْ جَوَارِي الْأَنْصَارِ تُغَنِّيَانِ بِمَا تَقَاوَلَتِ الْأَنْصَارُ يَوْمَ بُعَاثٍ، قَالَتْ: وَلَيْسَتَا بِمُغَنِّيَتَيْنِ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَمَزَامِيرُ الشَّيْطَانِ فِي بَيْتِ رَسُولِ اللهِ ﷺ؟ وَذَالِکَ فِي يَوْمِ عِيدٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: يَا أَبَا بَكْرٍ، إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيدًا وَهٰذَا عِيدُنَا. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے درآنحالیکہ میرے پاس انصار کی دو بچیاں (وہ اشعار) ترنم کے ساتھ پڑھ رہی تھیں

١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الجمعة، باب سنة العيدين لأهل الإسلام، ١/٣٢٤، الرقم: ٩٠٩، ومسلم في الصحيح، كتاب صلاة العيدين، باب الرخصة فى اللعب الذي لا معصية في أيام العيد، ٢/٦٠٧، الرقم: ٨٩٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٩٩، الرقم: ٢٤٧٢٦، والنسائي في السنن، كتاب صلاة العيدين باب ضرب الدف يوم العيد، ٣/١٩٥، الرقم: ١٥٩٣، وابن ماجه في السنن، كتاب النكاح، باب الغناء والدف، ١/٦١٢، الرقم: ١٨٩٨۔

جن میں اس بہادری کا ذکر تھا جو انصار نے جنگ بُعاث میں دکھائی تھی۔ آپ ﷞ فرماتی ہیں کہ یہ مغنیہ نہ تھیں۔ حضرت ابو بکر ﷛ نے فرمایا: کیا رسول اللہ ﷺ کے گھر میں شیطانی باجہ! اور یہ عید کے دن کی بات ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابو بکر! ہر قوم کیلئے ایک خوشی کا دن ہوتا اور یہ ہمارا خوشی کا دن ہے۔

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

قال العسقلانی في الفتح في شرح هذا الحديث: إن لكل قوم عيدا وهذا عيدنا. ففيه تعليل الأمر بتركهما وإيضاح خلاف ما ظنه الصديق ﷛. فأوضح له النبی ﷺ الحال وعرفه الحكم مقرونا ببيان الحكمة بأنه يوم عيد أی يوم سرور شرعي، فلا ينكر فيه مثل هذا كما لا ينكر في الأعراس. (١)

حافظ عسقلانی اس حدیث کی شرح میں 'فتح الباری' میں فرماتے ہیں: ہر قوم کی عید ہوتی ہے اور یہ ہماری عید ہے۔ اس میں ان بچیوں کو ان کے حال پر چھوڑنے کے امر کی علت اور حضرت ابوبکر صدیق ﷛ کے گمان کے برخلاف عمل کی وضاحت بیان ہوئی ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے سیدنا صدیق اکبر ﷛ پر صورت حال کو واضح فرماتے ہوئے انہیں اس امر کی حکمت سے آگاہ فرما دیا کہ یہ عید کا دن ہے یعنی مسرتِ شرعی کا دن ہے۔ پس اس میں اس طرح کے کام میں کوئی کراہت نہیں جیسا کہ شادی بیاہ کے موقع پر

---

(١) العسقلاني، فتح الباری، ٢/٤٤٢۔

کوئی کراہت نہیں (بشرطیکہ کلام جائز ہو)۔

قال القرطبی: قولها لیستا بمغنیتین، أی لیستا ممن یعرف الغناء کما یعرفه المغنیات المعروفات بذلک. وهذا منها تحرز عن الغناء المعتاد عند المشتهرین به وهو الذی یحرک الساکن ویبعث الکامن: وهذا النوع إذا کان فی شعر فیه وصف محاسن النساء والخمر وغیرهما من الأمور المحرمة لا یختلف فی تحریمه. (١)

امام قرطبی فرماتے ہیں: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے الفاظ ''وہ گانے والی نہ تھیں'' کا مطلب یہ ہے کہ وہ ان لوگوں میں سے نہ تھیں جو گانے بجانے کے فن کو باقاعدہ جانتے ہیں جیسا کہ پیشہ ور گانے والیاں اس فن کو جانتی ہیں اور جمہور کے نزدیک اس سے عام گانے بجانے کی ممانعت ثابت ہوتی ہے۔ اور اس کا اطلاق اس گانے بجانے پر ہوتا ہے جو ساکن جذبات کو متحرک کرتا اور پوشیدہ جذبات کو مشتعل کرتا ہے۔ یہ قسم اگر شعر میں ہو جس میں عورتوں کی خوبیوں اور شراب جیسے حرام امور کا ذکر ہو تو اس کے حرام ہونے میں کوئی اختلاف نہیں۔

٢. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا: أَنَّ أَبَا بَکْرٍ رضی اللہ عنہ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا

---

(١) العسقلاني، فتح الباری، ٢/٤٤٢۔

٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب المناقب، باب قصة الحبش، ٣/١٢٩٨، الرقم: ٣٣٣٧، ومسلم في الصحيح، كتاب صلاة العيدين، باب الرخصة في اللعب الذي لا معصية في أيام العيد، ٢/٦٠٧، ←

جَارِيَتَانِ فِي أَيَّامِ مِنًى تُغَنِّيَانِ وَتُدَفِّفَانِ وَتَضْرِبَانِ، وَالنَّبِيُّ ﷺ مُتَغَشٍّ بِثَوْبِهِ، فَانْتَهَرَهُمَا أَبُو بَكْرٍ فَكَشَفَ النَّبِيُّ ﷺ عَنْ وَجْهِهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ، فَإِنَّهَا أَيَّامُ عِيدٍ. وَتِلْكَ الْأَيَّامُ أَيَّامُ مِنًى، وَقَالَتْ عَائِشَةُ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَسْتُرُنِي وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَى الْحَبَشَةِ وَهُمْ يَلْعَبُونَ فِي الْمَسْجِدِ، فَزَجَرَهُمْ عُمَرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: دَعْهُمْ أَمْنًا بَنِي أَرْفِدَةَ يَعْنِي مِنَ الْأَمْنِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس تشریف لائے۔ زمانہ حج کے دوران میرے پاس دولڑکیاں گا رہی تھیں اور دف بجا رہی تھیں اورحضور نبی اکرم ﷺ کپڑا اوڑھ کر آرام فرما تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لڑکیوں کو ڈانٹا، حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے چہرۂ انور سے کپڑا ہٹا کر فرمایا: اے ابوبکر! یہ عید کے دن ہیں۔ اور وہ دن حج کے دن تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے دیکھا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مجھے پردہ کرا رکھا تھا اور میں حبشیوں کو مسجد میں کھیلتے (یعنی نیزہ بازی اورتلوار زنی کرتے) ہوئے دیکھ رہی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں ڈانٹا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (اے عمر) بنی ارفدہ کو اطمینان سے (یہ) کام کرنے دو۔ اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

.... الرقم: ٨٩٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٨٤، الرقم: ٢٤٥٨٥۔

قال العسقلاني في الفتح: يلعبون فى المسجد. قال المحب الطبرى: هذا السياق يشعر بأن عادتهم ذلک فی کل عيد. ووقع فى رواية ابن حبان: لما قدم وفد الحبشة قاموا يلعبون فى المسجد، وهذا يشعر بأن الترخيص لهم فى ذلک بحال القدوم ولا تنافى بينهما لاحتمال أن يكون قدومهم صادف يوم عيد. وكان من عادتهم اللعب فى الأعياد ففعلوا ذلک کعادتهم، ثم صاروا يلعبون يوم کل عيد ويؤيده ما رواه أبو داود عن أنس ﷺ، قال: لما قدم النبي ﷺ المدينة لعبت الحبشة فرحا بذلک لعبوا بحرابهم، ولا شک أن يوم قدومه ﷺ كان عندهم أعظم من يوم العيد.(١)

حافظ عسقلانی فتح الباری میں فرماتے ہیں: حدیث مبارکہ ’’وہ لوگ مسجد میں کھیل رہے تھے‘‘ کے بارے میں محبّ طبری فرماتے ہیں کہ یہ سیاق اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ یہ (کھیل) ہر عید پر ان کا معمول تھا، اور ابن حبان کی ایک روایت میں ہے کہ جب حبشہ کا وفد آیا اور وہ مسجد میں کھیلنے کے لئے کھڑے ہوئے اس سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ ان کو اجازت ان کے آتے ہی مل گئی تھی۔ ان دونوں روایتوں کے درمیان کوئی تضاد نہیں اس احتمال کے باعث کہ ان حبشیوں کی آمد اتفاقاً عید کے دن ہوئی اور عیدوں کے موقع پر کھیلنا ان کا معمول تھا۔ چنانچہ انہوں نے اپنے معمول کے مطابق کیا۔ اور پھر وہ ہر عید کے موقع پر کھیلنے لگے۔ اس کی تائید ابو داود کی روایت سے ہوتی ہے جو حضرت انس

(١) العسقلاني، فتح الباری، ٢/ ٤٤٣۔

ﷺ سے مروی ہے۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو حبشی اس پر شاداں وفرحاں ہو کر کھیلے۔ وہ اپنے نیزوں سے کھیلے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی تشریف آوری کا دن ان کے لئے عید کے دن سے بھی زیادہ عظمت والا دن تھا۔

٣. عَنْ أَنَسٍ ﷺ قَالَ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ الْمَدِيْنَةَ وَلَهُمْ يَوْمَانِ يَلْعَبُوْنَ فِيْهِمَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا هٰذَانِ الْيَوْمَانِ؟ قَالُوْا: كُنَّا نَلْعَبُ فِيْهِمَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ. قَالَ إِنَّ اللهَ ﷻ قَدْ أَبْدَلَكُمْ بِهِمَا خَيْرًا مِنْهُمَا يَوْمَ الْفِطْرِ وَيَوْمَ النَّحْرِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالْحَاكِمُ.

حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو اہلِ مدینہ کے لیے دو دن کھیل کود کے لیے مقرر تھے۔ آپ ﷺ نے

٣: أخرجه أحمد ابن حنبل في المسند، ٢/٢٥٠، الرقم: ١٣٦٤٧، وأبو داود في السنن، كتاب الصلاة، باب صلاة العيدين، ١/٢٩٥، الرقم: ١١٣٤، والنسائي في السنن، كتاب صلاة العيدين، ٣/١٧٩، الرقم: ١٥٥٦، والحاكم في المستدرك، ١/٤٣٤، الرقم: ١٠٩٠۔

دریافت فرمایا کہ یہ دو دن کیا (اہمیت رکھتے) ہیں؟ صحابہ عرض گزار ہوئے: (یا رسول اللہ !) ہم ان دو دنوں میں ایامِ جاہلیت میں کھیلتے کودتے (اور خوشی مناتے) تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں ان کی جگہ ان سے بہتر دو دن۔ عید الفطر اور عید الاضحیٰ۔ مرحمت فرمائے ہیں۔

اس حدیث کو امام احمد، ابو داود، نسائی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

٤. عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا كَانَ لَيْلَةُ الْقَدْرِ نَزَلَ جِبْرِيْلُ عليه السلام فِي كَبْكَبَةٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ يُصَلُّوْنَ عَلٰى كُلِّ عَبْدٍ قَائِمٍ أَوْ قَاعِدٍ يَذْكُرُ اللهَ تعالى، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ عِيْدِهِمْ يَعْنِي يَوْمَ فِطْرِهِمْ بَاهٰى بِهِمْ مَلَائِكَتَهُ، فَقَالَ: يَا مَلَائِكَتِي، مَا جَزَاءُ أَجِيْرٍ وَفّٰى عَمَلَهُ؟ قَالُوْا: رَبَّنَا، جَزَاؤُهُ أَنْ يُوَفّٰى أَجْرُهُ. قَالَ: مَلَائِكَتِي، عَبِيْدِي وَإِمَائِي قَضَوْا فَرِيْضَتِي عَلَيْهِمْ ثُمَّ خَرَجُوْا يَعُجُّوْنَ إِلَيَّ بِالدُّعَاءِ وَعِزَّتِي وَجَلَالِي وَكَرَمِي وَعُلُوِّي وَارْتِفَاعِ مَكَانِي لَأُجِيْبَنَّهُمْ. فَيَقُوْلُ: ارْجِعُوْا قَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ وَبَدَّلْتُ سَيِّاٰتِكُمْ حَسَنَاتٍ. قَالَ: فَيَرْجِعُوْنَ مَغْفُوْرًا لَّهُمْ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

٤: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٣/٣٤٣، الرقم: ٣٧١٧، وأيضا في فضائل الأوقات، ١/٣١٨، الرقم: ١٥٥۔

حضرت انس ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب شب قدر ہوتی ہے تو جبریل علیہ السلام فرشتوں کی جماعت میں اترتے ہیں، اور ہر اس کھڑے یا بیٹھے ہوئے بندے پر سلام بھیجتے ہیں جو اللہ کا ذکر کرتا ہے۔ جب ان کی عید کا دن ہوتا ہے، یعنی عید الفطر کا دن تو اللہ تعالیٰ ان بندوں پر فرشتوں کے سامنے فخر کرتے ہوئے فرماتا ہے: اے میرے فرشتو! اُس مزدور کی اُجرت کیا ہونی چاہیے جو اپنا کام پورا کر دے؟ وہ عرض کرتے ہیں: الٰہی! اس کی اُجرت یہ ہے کہ اسے پورا پورا اجر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے فرشتو! میرے بندوں اور بندیوں نے اپنے ذمہ میرا فریضہ پورا کر دیا۔ پھر وہ دعا میں دستِ طلب دراز کرتے ہوئے نکل پڑتے ہیں۔ (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں) مجھے اپنی عزت، اپنے جلال، اپنے کرم، اپنی بلندی شان اور رفعتِ مکانی کی قسم! میں ان کی دعا ضرور قبول کروں گا۔ پھر (اپنے بندوں سے) فرماتا ہے: لوٹ جاؤ، میں نے تمہیں بخش دیا اور تمہاری برائیوں کو نیکیوں میں بدل دیا۔ فرمایا: پھر یہ لوگ بخشش یافتہ ہو کر لوٹتے ہیں۔

اس حدیث کو امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

٥. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رضی اللہ عنہم قَالَا: لَمْ يَكُنْ

٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الجمعة، باب المشي والركوب إلى العيد والصلاة قبل الخطبة بغير أذان ولا إقامة، ١/٣٢٧، الرقم: ٩١٧، ومسلم في الصحيح، كتاب صلاة العيدين، ٢/٦٠٤، الرقم: ٨٨٦.

يُؤَذَّنُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَلَا يَوْمَ الْأَضْحٰی. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

حضرت ابن عباس اور حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے لیے اذان نہیں کہی جاتی۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٦. عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ الْعِيْدَيْنِ غَيْرَ مَرَّةٍ وَلَا مَرَّتَيْنِ بِغَيْرِ أَذَانٍ وَلَا إِقَامَةٍ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ.

حضرت جابر بن سَمُرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کئی مرتبہ بغیر اَذان اور اِقامت کے نماز عیدین پڑھی ہے۔

اس حدیث کو امام مسلم، احمد، ابو داود اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

٦: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب صلاة العيدين، باب العمل في غسل العيدين والنداء، ٢/٦٠٤، الرقم: ٨٨٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٩١، الرقم: ٢٠٨٧٩، وأبوداود في السنن، كتاب الصلاة، باب ترك الأذان في العيد، ١/٢٩٨، الرقم: ١١٤٨، والترمذي في السنن، كتاب الجمعة، باب ما جاء أن صلاة العيدين بغير أذان ولا إقامة، ٢/٤١٢، الرقم: ٥٣٢۔

٧. عَنْ عَطَاءٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَرْسَلَ إِلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ فِي أَوَّلِ مَا بُوِيعَ لَهُ إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ يُؤَذَّنُ بِالصَّلَاةِ يَوْمَ الْفِطْرِ، إِنَّمَا الْخُطْبَةُ بَعْدَ الصَّلَاةِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

عطا سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس (یہ پیغام دے کر) بھیجا۔ جب کہ ابھی ان کے لیے بیعت لی جا رہی تھی۔ کہ عید الفطر کے لیے اذان نہیں کہی جاتی اور خطبہ نماز کے بعد ہی ہوتا ہے۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٨. عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ أَنَّهُ شَهِدَ الْعِيدَ يَوْمَ الْأَضْحٰى مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضي الله عنه، فَصَلّٰى قَبْلَ الْخُطْبَةِ، ثُمَّ خَطَبَ النَّاسَ

٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الجمعة، باب المشي والركوب إلى العيد والصلاة قبل الخطبة بغير أذان وإقامة، ١/٣٢٧، الرقم: ٩١٦، ومسلم في الصحيح، كتاب صلاة العيدين، ٢/٦٠٤، الرقم: ٨٨٦۔

٨: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الأضاحي، باب ما يؤكل من لحوم الأضاحي وما يتزود منها، ٥/٢١١٦، الرقم: ٥٢٥١، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/٣٤، الرقم: ٢٢٤، وعبد الرزاق في المصنف، ٣/٢٨١، الرقم: ٥٦٣٦۔

فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَدْ نَهَاكُمْ عَنْ صِيَامِ هٰذَيْنِ الْعِيدَيْنِ، أَمَّا أَحَدُهُمَا فَيَوْمُ فِطْرِكُمْ مِنْ صِيَامِكُمْ، وَأَمَّا الْآخَرُ فَيَوْمٌ تَأْكُلُونَ مِنْ نُسُكِكُمْ، قَالَ أَبُو عُبَيْدٍ: ثُمَّ شَهِدْتُ مَعَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ ؓ فَكَانَ ذٰلِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَصَلّٰى قَبْلَ الْخُطْبَةِ، ثُمَّ خَطَبَ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ هٰذَا يَوْمٌ قَدِ اجْتَمَعَ لَكُمْ فِيهِ عِيدَانِ، فَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْتَظِرَ الْجُمُعَةَ مِنْ أَهْلِ الْعَوَالِي فَلْيَنْتَظِرْ، وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَرْجِعَ فَقَدْ أَذِنْتُ لَهُ، قَالَ أَبُو عُبَيْدٍ: ثُمَّ شَهِدْتُهُ مَعَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ؓ، فَصَلّٰى قَبْلَ الْخُطْبَةِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَأَحْمَدُ.

ابو عبید مولیٰ بن ازہر کا بیان ہے: میں عید الاضحیٰ کے روز حضرت عمر بن خطاب ؓ کے ساتھ عید گاہ میں حاضر ہوا۔ پس انہوں نے خطبہ سے پہلے نماز عید پڑھائی، پھر انہوں نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اے لوگو! بے شک رسول اللہ ﷺ نے تمہیں ان دونوں عیدوں کے روز روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ ان میں سے ایک تو تمہارے روزوں کی افطاری کا دن ہے اور دوسرے روز تم اپنی قربانیوں کا گوشت کھاتے ہو۔ ابو عبیدہ کا بیان ہے کہ پھر میں حضرت عثمان بن عفان ؓ کے ساتھ نمازِ عید میں شامل ہوا اور وہ روز جمعہ تھا، پس خطبہ سے پہلے نماز پڑھی۔ پھر انہوں نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اے لوگو! آج کے روز تمہارے لئے دو عیدیں جمع

ہوگئی ہیں، لہٰذا باشندگانِ عوالی سے جو چاہے نماز جمعہ کا انتظار کرسکتا ہے، اور جو واپس جانا چاہے تو اسے میں اجازت دیتا ہوں۔ ابو عبیدہ کا بیان ہے کہ پھر میں حضرت علی بن ابو طالب ﷺ کے ساتھ نماز عید میں شامل ہوا تو انہوں نے بھی خطبہ سے پہلے نماز پڑھائی۔ اس حدیث کو امام بخاری اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٩. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ﷺ قَالَ: شَهِدْتُ الْعِيْدَ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ ﷺ، فَكُلُّهُمْ كَانُوْا يُصَلُّوْنَ قَبْلَ الْخُطْبَةِ.

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

حضرت ابن عباس ﷺ نے فرمایا: میں نمازِ عید میں رسول اللہ ﷺ، حضرت ابو بکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان ﷺ کے ساتھ حاضر ہوا۔ یہ سب خطبہ سے پہلے نماز پڑھا کرتے تھے۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١٠. عَنِ ابْنِ عُمَرَ ﷺ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوْا

٩: أخرجه البخاري في الصحيح، أبواب العيدين، باب الخطبة بعد العيد، ١/٣٢٧، الرقم: ٩٢٠، ومسلم في الصحيح، كتاب صلاة العيدين، باب العمل في غسل العيدين والنداء، ٢/٦٠٥، الرقم: ٨٨٨، والبيهقي في السنن الكبرى، ٣/٢٩٦، الرقم: ٥٩٩٤۔

١٠: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب صلاة العيدين، باب العمل في غسل العيدين والنداء، ٢/٦٠٥، الرقم: ٨٨٨، والترمذي في ←

يُصَلُّوْنَ الْعِيْدَيْنِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ، حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما خطبہ سے پہلے عیدین کی نماز پڑھتے تھے۔

اس حدیث کو امام مسلم، ترمذی اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

١١. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما قَالَ: فَرَضَ رَسُولُ اللهِ ﷺ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ عَلَى الْعَبْدِ وَالْحُرِّ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى وَالصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، وَأَمَرَ بِهَا أَنْ تُؤَدّٰى قَبْلَ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلَاةِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ.

.... السنن، كتاب الجمعة، باب ما جاء أن صلاة العيدين بغير أذان ولا إقامة، ٢/٤١١، الرقم: ٥٣١، والنسائي في السنن، كتاب صلاة العيدين، باب صلاة العيدين قبل الخطبة، وابن أبي شيبة في المصنف، ٥٦٧٣، الرقم: ٥٦٧٣۔

١١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الزكاة، باب فرض صدقة الفطر، ٢/٥٤٧، الرقم: ١٤٣٢، والنسائي في السنن، كتاب الزكاة، باب فرض زكاة رمضان على المسلمين دون المعاهدين، ٥/٤٨، الرقم: ٢٥٠٤، والبيهقي في السنن الكبرى، ٤/١٦٢، الرقم: ٧٤٧٧۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صدقہ فطر ایک صاع (۳ء۱۸ کلوگرام) کھجور یا ایک صاع جَو کی مقدار ہر (صاحبِ استطاعت) غلام، آزاد، مرد، عورت، چھوٹے اور بڑے مسلمان پر واجب فرمایا اور اسے لوگوں کے نماز عید کے لیے نکلنے سے پہلے ہی ادا کرنے کا حکم فرمایا۔

اس حدیث کو امام بخاری اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

۱۲. عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما قَالَ: فَرَضَ النَّبِيُّ ﷺ صَدَقَةَ الْفِطْرِ أَوْ قَالَ رَمَضَانَ عَلَى الذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوكِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ، فَعَدَلَ النَّاسُ بِهِ نِصْفَ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ رضی اللہ عنہما يُعْطِي التَّمْرَ، فَأَعْوَزَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنَ التَّمْرِ فَأَعْطٰى شَعِيرًا فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُعْطِي عَنِ الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ حَتّٰى إِنْ كَانَ يُعْطِي عَنْ بَنِيَّ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ رضی اللہ عنہما يُعْطِيهَا الَّذِينَ يَقْبَلُونَهَا وَكَانُوا يُعْطُونَ قَبْلَ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

۱۲: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر على الحر والمملوك، ٢/٥٤٩، الرقم: ١٤٤٠، ومسلم (مختصرا) في الصحيح، كتاب الزكاة، باب زكاة الفطر على المسلمين من التمر والشعير، ٢/٦٧٧، الرقم: ٩٨٤۔

حضرت نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے صدقہ فطر یا صدقہ رمضان ہر مرد، عورت، آزاد اور غلام پر ایک صاع کھجوریں یا ایک صاع جَو کی مقدار واجب فرمایا۔ لوگوں نے گندم کے نصف صاع کو اس کے برابر قرار دیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما (صدقہ فطر میں) کھجوریں دیا کرتے۔ ایک دفعہ اہل مدینہ کھجوروں کے قحط میں مبتلا ہو گئے تو جَو دیئے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہر چھوٹے اور بڑے کی طرف سے (صدقہ فطر) دیا کرتے، یہاں تک کہ میرے (نافع کے) بیٹوں کی طرف سے بھی اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ان لوگوں کو دیتے جو قبول کر لیا کرتے اور عید الفطر سے ایک دو روز پہلے ہی دے دیا کرتے تھے۔

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١٣. عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رضی اللہ عنہ يَقُولُ: كُنَّا نُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ

١٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الزكاة، باب صدقة الفطر صاع من طعام، ٢/٥٤٨، الرقم: ١٤٣٥، ومسلم في الصحيح، كتاب الزكاة، باب زكاة الفطر على المسلمين من التمر والشعير، ٢/٦٧٨، الرقم: ٩٨٥، والترمذي في السنن، كتاب الزكاة عن رسول الله، باب ما جاء في صدقة الفطر، ٣/٥٩، الرقم:٦٧٣، والنسائي في السنن، كتاب الزكاة، باب الزبيب، ٥/٥١، الرقم: ٢٥١٢، ومالك في الموطأ، ١/٢٨٤، الرقم: ٦٢٧۔

صَاعًا مِنْ طَعَامٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ أَقِطٍ أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيبٍ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

حضرت ابو سعید خدری ﷺ بیان فرماتے ہیں کہ ہم کھانے میں سے ایک صاع یا جَو میں سے ایک صاع یا کھجوروں میں سے ایک صاع یا پنیر میں سے ایک صاع یا کشمش میں سے ایک صاع صدقہ فطر کے طور پر نکالا کرتے تھے۔

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١٤. عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ أَبِي صُعَيْرٍ عَنْ أَبِيْهِ ﷺ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ: أَدُّوا صَاعًا مِنْ قَمْحٍ – أَو قَالَ: صَاعًا مِنْ بُرٍّ – عَنِ الصَّغِيْرِ وَالكَبِيْرِ، وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى، وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ، وَالْغَنِيِّ وَالْفَقِيْرِ. أَمَّا غَنِيُّكُمْ فَيُزَكِّيْهِ اللهُ وَأَمَّا فَقِيْرُكُمْ فَيَرُدُّ اللهُ عَلَيْهِ أَكْثَرَ مِمَّا أَعْطَاءُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالدَّارَ قُطْنِيُّ.

١٤: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤٣٢/٥، الرقم: ٢٣٧١٤، وعبد الرزاق في المصنف، ٣١٨/٣، الرقم: ٥٧٨٥، والدارقطني في السنن، ٣٦١/١، الرقم: ٢٠٨٦، والبيهقي في السنن الكبرى، ١٦٣/٤، الرقم: ٧٤٨٤، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ١٢٠/٩، الرقم: ١٠٨۔

حضرت ثعلبہ بن ابی صعیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گندم کا ایک صاع - یا فرمایا: گیہوں کا ایک صاع - (صدقہ فطر) ہر چھوٹے بڑے، مرد وعورت، آزاد و غلام، غنی اور فقیر کی طرف سے ادا کرو۔ غنی کو اللہ تعالیٰ (اس کے ذریعے) پاک کردیتا ہے اور فقیر جتنا دیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اس سے زیادہ واپس کر دیتا ہے۔

اس حدیث کو امام احمد، عبد الرزاق اور دار قطنی نے روایت کیا ہے۔

١٥. عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ بَعَثَ مُنَادِيًا فِي فِجَاجِ مَكَّةَ: أَلَا! إِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى، حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ، صَغِيرٍ أَوْ كَبِيرٍ، مُدَّانِ مِنْ قَمْحٍ أَوْ سِوَاهُ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارَ قُطْنِيُّ، وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ: هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ.

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد (شعیب بن محمد بن عبد اللہ) سے، وہ

١٥: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب الزكاة، باب ما جاء في صدقة الفطر، ٣/ ٦٠، الرقم: ٦٧٤، والدارقطني في السنن، ١/ ٣٥٨، الرقم: ٢٠٦١۔

اپنے دادا (حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مکہ مکرمہ کی شاہراہوں پر ایک منادی بھیجا (اس نے اعلان کیا:) سن لو! صدقہ فطر دو مد گندم یا ایک صاع کھانا ہر مسلمان مرد، عورت، آزاد، غلام، چھوٹے اور بڑے (سب) پر واجب ہے۔

اس حدیث کو امام ترمذی اور دارقطنی نے روایت کیا ہے۔ اور امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن غریب ہے۔

١٦. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ أَمَرَ بِإِخْرَاجِ زَكَاةِ الْفِطْرِ أَنْ تُؤَدّٰى قَبْلَ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلَاةِ.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ.

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صدقہ فطر نماز عید کے لیے جانے سے پہلے ادا کرنے کا حکم دیا۔

١٦: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب الزكاة، باب الأمر بإخراج زكاة الفطر قبل الصلاة، ٢/٦٧٩، الرقم: ٩٨٦، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٦٧، الرقم: ٥٣٤٥ وأبو داود في السنن، كتاب الزكاة، باب متى تؤدى، ٢/١١١، الرقم: ١٦١٠، والنسائي في السنن، كتاب الزكاة، باب الوقت الذي يستحب أن تؤدى صدقة الفطر فيه، ٥/٥٤، الرقم: ٢٥٢١۔

اس حدیث کو امام مسلم، احمد، ابوداود اور نسائی نے روایت کیا ہے۔

١٧. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما قَالَ: فَرَضَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ زَكَاةَ الْفِطْرِ طُهْرَةً لِلصَّائِمِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ وَطُعْمَةً لِلْمَسَاكِيْنِ، مَنْ أَدَّاهَا قَبْلَ الصَّلَاةِ فَهِيَ زَكَاةٌ مَقْبُوْلَةٌ وَمَنْ أَدَّاهَا بَعْدَ الصَّلَاةِ فَهِيَ صَدَقَةٌ مِنَ الصَّدَقَاتِ. رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَه وَالْحَاكِمُ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے صدقہ فطر کو واجب فرمایا جو روزہ دار کو لغویات اور بیہودہ باتوں سے پاک کرنے والا ہے اور غریبوں کی غذا کے لیے ہے۔ جس نے نماز عید سے پہلے اسے ادا کیا تو یہ مقبول زکوٰۃ ہے اور جس نے اسے نماز عید کے بعد ادا کیا تو یہ دوسرے صدقات کی طرح ایک صدقہ ہوگا۔

